ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(29)

13-01-2023

**بہاول پور() جمعتہ المبارک کے روزایس ڈی پی اوزاورایس ایچ اوزکے سکیورٹی کے حوالے سے مساجداورامام بارگاہوں کے وزٹ،سکیورٹی ڈیوٹی کوچیک کیا،ملکی صورتحال کے پیش نظرڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کوالرٹ رہنے کی ہدایت کی،ہم الرٹ رہیں گےتو شرپسندعناصراپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اورایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی اوعبادت نثار کی ہدایت پرعمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوزنے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوزنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجداورامام بارگاہوں کی سکیورٹی ڈیوٹی پر ماموافسران واہلکاران کوچیک کیا۔سکیورٹی اہلکاروں کے پاس موجوداسلحہ اورحفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کوالرٹ رہ کرڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی اوعبادت نثارنے اپنے پیغام میں کہاہے کہ ہمارافرض بہت اہم ہے،شہریوں کواحساس تحفظ دلاناہے کہ ہم انکی سکیورٹی کے لیےموجودہیں۔ملکی صوتحال کے پیش نظرشرپسندعناصرپرکڑی نظررکھیں اورالرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گےتو شرپسندعناصراپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکے گے،انہوں نے ایس ڈی پی اوز اورایس ایچ اوزکواپنے اپنے ایریامیں مؤثرگشت اورسکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپورپولیس



بہاول پور:جمعتہ المبارک کے حوالے پولیس کے جوان مساجدپرڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(30)

13-01-2023

## بہاولپور(  ) پولیس انفارمیشن ٹیکنالوجی برانچ کی طرف سے ماہ جنوری 2023 کے پہلے 10روز میں ای گیجٹ ایپ کی مدد سے چوری اور چھینے گئے لاکھوں روپے مالیت کے 37 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے۔جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق کیفر کردار تک پہنچانا ہمارا عزم ہے۔ڈی پی او عبادت نثار

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ماہ جنوری 2023 کے پہلے 10 روز میں بہاولپور پولیس نے ای گیجٹ کی مدد سے لاکھوں روپے مالیت کے 37 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے۔پنجاب پولیس کے ای گیجٹ ایپ کا استعمال موثر ثابت ہورہا ہے۔موبائل فون چوری یا چھین لیا جائے تو اس کو اب آسانی سے ریکور کیا جاسکتا ہے۔پنجاب پولیس نے ای گیجٹ نام کی موبائل ایپ متعارف کرائی ہے جسے آسانی سے پلے سٹور سے مفت ڈان کیا جاسکتا ہے،جس کے بعد کوئی بھی دکاندار اس کی مدد سے باآسانی جان سکے گا کہ اس کے پاس موجود موبائل فون جو کہ فروخت کرنے کیلئے آیا ہے کسی واردات میں ملوث یا چوری کا تو نہیں ہے جس بابت خدشہ ہونے یا یا علم ہونے کی صورت میں فوری متعلقہ پولیس کو اطلاع دی جاتی ہے دور حاضر میں پولیس کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے کئی وارداتیں ٹریس کی جارہی ہیں جو کہ معاشرے میں پولیس کے وقار کو مزید بلند کررہا ہے

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاولپور پولیس انفارمیشن ٹیکنالوجی برانچ کی طرف سے ماہ جنوری 2023 کے پہلے 10روز میں ای گیجٹ ایپ کی رپورٹ جاری

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (31)

13-01-2023

**بہاول پور() ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی اپنے علاقہ کی مساجد میں کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل جاری، عوام کو انصاف فراہم کرنا پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے، ڈی پی او۔**

تفصیل کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر منیر احمد ضیاء راؤ کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او کی ہدایت پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت اور شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کے حوالے سے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے علاقہ کی مساجد میں جمعتہ المبارک کے روز کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل جاری رکھا ہوا ہے، پولیس افسران نے مساجد میں موجود شہریوں کے پولیس سے متعلقہ مسائل تفصیل سے سنے اور میرٹ پر انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری کے حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ مساجد میں کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل اسی طرح جاری رہے گا تاکہ شہریوں کے مسائل کو ان کی دہلیز پر سنا اور حل کیا جاسکے، آئی جی پنجاب کی ہدایت پر ضلع کے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز اپنے اپنے دفاتر میں بھی شہریوں کے مسائل سن کر حل کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو انصاف فراہم کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے، جس پر تمام فیلڈ افسران عمل پیرا ہیں۔ عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی اپنے علاقہ کی مساجد میں کھلی کچہری میں لوگوں کے مسائل سنتے ہوئے